© rasailojaraid.com



**سلمان رشدی برطانیہ کا جاسوس ہے**

پیرس (اپ س) فرانسیسی رسالے پیرانج نے اپنے حالیہ شمارے میں انکشاف کیا ہے کہ سلمان رشدی برطانیہ کا جاسوس ہے۔
اس نے اپنی کتاب شیطانی آیات برطانوی جاسوسی ادارے کے حکم پر لکھی رسالہ لکھتا ہے کہ برطانیہ سلمان رشدی کے حفاظتی انتظامات پر سالانہ ۳۰ لاکھ فرانک خرچ کرتا ہے رسالے نے سوال کیا ہے کہ انگریز قوم بڑی کنجوس ہے جہاں اسے فائدہ نہ ہو وہ ایک فرانک بھی صرف نہیں کرتی اس لیے اگر رشدی برطانیہ کے مفادات کی خدمت نہیں کرتا تو پھر اس پر اتنی رقم خرچ کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ (محمد اسلم رانا ایڈیٹر المذاہب)

**ماہنامہ الحق کی سبقت وصداقت پر ہدیۂ تبریک**

ماہنامہ الحق نے اپریل کی اشاعت میں سیاسی قیادت کا کردار کے عنوان سے جینجو کے امریکہ ہسپتال میں عیسائی نام JOHN BIXBY سے داخل ہونے اور مرنے کی خبر دی تو ساتھی حیرت زدہ تھے مگر اتنی اہم اور واقعاتی خبر نہ تو کسی جریدے نے شائع کی اور نہ اخبارات میں چھپ سکی الحق کے مراسلہ نگار نے بھی کوئی موثق حوالہ نہیں دیا تھا اس لیے احباب ریب و تردد میں تھے اب جب کہ یہ خبر انگریزی اخبار WEEKLY-FAETS میں باقاعدہ کمپیوٹر رپورٹ کے ساتھ باحوالہ چھپ چکی ہے جس کی فوٹو کاپی ملفوف ہذا ہے تو ہمیں الحق کی صداقت، بروقت انتباہ اور گرفت پر پہلے سے زیادہ یقین ہونے لگا ہے۔

ہم حیران ہیں کہ جب ہمارے لیڈروں کا یہ حال ہے نہ خدا کا خوف اور نہ ضمیر کی ملامت کی پرواہ، نہ خالق کا ڈر اور نہ مخلوق کے احتساب کا اندیشہ، پھر اس ملک کی سمتِ قبلہ کا کیا ہوگا جینجو جیسے نیک شہرت والے انسان بھی اس کردار کے حامل رہے تو دوسروں کا کردار تو اس سے بُرا ہوگا اس حمام میں سب ننگے ہیں۔
بہرحال الحق کی صداقت وسبقت پر دلی مبارکباد قبول فرماویں۔ (حافظ امیر احمد کراچی)

**الحق کے مضامین اور قارئین کی دلچسپی**

ماہنامہ الحق کا تازہ شمارہ موصول ہوا اداریہ پڑھا بہت پسند آیا ملحد اور بے دین حکمرانوں کی کارستانیوں پر بہت افسوس ہوا، اسلام کے بنیادی عقائد اور قطعی نصوص کا انکار ہر آنے والی حکومت کا وطیرہ بن چکا ہے۔ حضرت والا! آخر اس الحاد کا علاج کیا ہے؟ مسلمانوں کو دریں حالات کیا کردار ادا کرنا چاہیئے؟

الحق کے تازہ شمارہ میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی کا درسِ ترمذی شریف بہت پسند آیا اور احباب نے بہت پسند کیا۔ بالخصوص متعہ کے بارے میں تفصیلی جائزہ اور دلائل اور بحث اور درسی تقریر بہت زیادہ نافع رہی اللہ پاک اجر دے اگر یہ سلسلہ آئندہ بھی چلتا رہا تو ہم گنہگاروں کو بھی علم الحدیث سے استفادہ کا موقع ملتا رہے گا الحق میں بھی مستقلاً درس حدیث کے شروع کی ضرورت

© rasailojaraid.com